سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الفا انشورنس کمپنی لمیٹڈ کا ۶۴ واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات ۲۸ اپریل ۲۰۱۶ء کو دن کے ۱۱:۰۰ بجے بمقام کمپنی ہیڈ آفس، چوتھی منزل، بلڈنگ 1-B اسٹیٹ لائف اسکوائر، آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

عام کاروائی

۱) ۲۹ اپریل ۲۰۱۵ء بروز بدھ منعقد ہونے والے کمپنی کے ۶۳ واں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا

۲) ۳۱ دسمبر ۲۰۱۵ء کو ختم شدہ سال کیلئے ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ کی رپورٹ کے ہمراہ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو وصول، غور اور منظور کرنا۔

۳) سال ۲۰۱۶ء کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا اعزازیہ مقرر کرنا

۴) صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور انجام دینا۔

کراچی: ۷ اپریل ۲۰۱۶ء

حسب الحکم بورڈ

لطیف احمد چودھری

کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

۱. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۱۹ اپریل ۲۰۱۶ء تا ۲۸ اپریل ۲۰۱۶ء (دونوں یوم شامل) بند رہے گی۔

۲. ایک ممبر جسے اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار دیا گیا ہے وہ اجلاس میں حاضری اور ووٹ کیلئے بطور پراکسی کسی دوسرے ممبر کو مقرر کرسکتا ہے۔

۳. پراکسی کی تقرری کیلئے دستاویز لازمی طور پر مقررہ اجلاس کے انعقاد سے ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کو اس کے ہیڈ آفس چوتھی منزل، بلڈنگ 1-B اسٹیٹ لائف اسکوائر، آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی پر موصول ہوجانی چاہئیں۔ ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا حقدار نہیں ہوگا۔ اگر ایک ممبر نے ایک سے زیادہ پراکسی کی تقرری یا پراکسی کی ایک سے زیادہ دستاویز کمپنی کو جمع کروائی تو تمام پراکسی کی دستاویزات باطل تصور کی جائیگی۔

۴. اپنے پتوں میں کسی قسم کی تبدیلی کے حوالے سے کمپنی کو چوتھی منزل، بلڈنگ 1-B اسٹیٹ لائف اسکوائر، آف آئی آئی چندریگر روڈ کراچی پر فوری آگاہ کریں۔